(٢) حديث صحيح، وهٰذا إسناد ضعيف لضعف ميمون أبي عبد الله الكِنْدي البصري مولى عبد الرحمٰن بن سَمُرة، لٰكنه قد توبع كما سلف في الرواية (٢٢٩٩٣) والتعليق عليها، وقول روح ـ وهو ابن عُبادة القَيْسي ـ في نسبته: الكردي، خطأ لم يتابعه عليه أحد، وميمون الكردي راوٍ آخر كنيته أبو بصير ـ وقيل: أبو نصير ـ لا أبو عبد الله، وباقي رجال الإسناد ثقات رجال الشيخين. عوف: هو ابن أبي جميلة الأعرابي.

# المستدرك

## على الصحيحين

للإمام الحافظ أبي عبد الله الحاكم النيسابوري

رحمه الله تعالى

طبعة متضمنة انتقادات الذهبي رحمه الله

وبذيله

## تتبع أوهام الحاكم التي سكت عليها الذهبي

لأبي عبد الرحمن مقبل بن هادي الوادعي

## الجزء الثالث

دار الحرمين للطباعة والنشر والتوزيع

Digitized by www.Tiaras.com

ابن موسى ثنا نعيم بن حكيم عن أبي موسى[1] الحنفي عن علي رضي الله عنه قال : سار النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم إلى خيبر فما أتاها[1] بعث عمر رضي الله تعالى عنه وبعث معه الناس إلى مدينتهم أو قصرهم فقاتلوهم فلم يلبثوا أن هزموا عمر وأصحابه فجاءوا يجبنونه ويجبنهم فسار النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم الحديث .

هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه .

**٤٤٠٢- حدثنا** أبو بكر أحمد بن سلمان الفقيه ببغداد ثنا محمد بن عبد الله بن سليمان ثنا القاسم بن أبي شيبة ثنا يحيى بن يعلى ثنا معقل بن عبيد الله عن أبي الزبير عن جابر رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وعلى آله وسلم دفع الراية يوم خيبر إلى عمر رضي الله عنه فانطلق فرجع يجبن أصحابه ويجبنونه .

هذا حديث صحيح(●) على شرط مسلم ولم يخرجاه .

**٤٤٠٣- حدثنا** أبو عبد الله محمد بن عبد الله الصفار إملاء ثنا زكريا بن يحيى بن مروان وإبراهيم بن إسماعيل السيرطي[٥] قالا ثنا فضيل بن عبد الوهاب ثنا جعفر بن سلمان عن الخليل بن مرة عن عمرو بن دينار عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما قال : لما كان يوم خيبر بعث رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم رجلًا فجبن فجاء محمد بن مسلمة فقال : يا رسول الله لم أر كاليوم قط ، قتل محمود بن مسلمة ، فقال رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم : « لا تمنوا لقاء العدو وسلوا الله العافية فإنكم لا تدرون ما تبتلون معهم وإذا لقيتموهم فقولوا : اللهم أنت ربنا وربهم ونواصينا ونواصيهم بيدك وإنما تقتلهم أنت ثم الزمو الأرض جلومًا فإذا غشوكم فانهضوا وكبروا » ثم قال رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم : « لأبعثن غدًا رجلًا يحب الله ورسوله ويحبانه لا يولي الدبر يفتح الله على يديه » فتشرف لها الناس وعلي رضي الله عنه يومئذ أرمد فقال له رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم : « سر » فقال : يا رسول الله ما أبصر موضعًا فتفل في عينيه وعقد له ودفع إليه الراية فقال علي : يا رسول الله على ما أقاتلهم فقال : « على أن يشهدوا أن لا إله إلا الله

---

(١) أبو موسى الحنفي لم أجد ترجمته ، والظاهر أنه تصحف ، وأنه أبو مريم ؛ فنعيم بن حكيم يروي عن أبي مريم .

(1) فلما انتهينا . ( مصححه ) .

(●) ( قلت ) : القاسم واهٍ . ( الذهبي ) .

(٥) صوابه : « السوطي » كما في « تاريخ بغداد » للخطيب البغدادي ، و « الأنساب » للسمعاني .

resented by www.ziaraat.com

وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلَّهِ

# صحیح بخاری

جلد پنجم

امیر المومنین فی الحدیث سید الفقہاء

حضرت الامام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ و تشریح

حضرت مولانا محمد داؤد راز رحمۃ اللہ علیہ

نظر ثانی

حضرت العلامہ مولانا عبدالستار اسنوی حفظہ اللہ

حضرت العلامہ مولانا ابو محمد عبدالحق اسلفی حفظہ اللہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

النَّبِيُّ ﷺ: ((صَدَقَ فَأَعْطِهِ)) فَأَعْطَانِيهِ فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرَفًا فِي بَنِي سَلِمَةَ، فَإِنَّهُ لَأَوَّلُ مَالٍ تَأَثَّلْتُهُ فِي الإِسْلَامِ.

[راجع: ٢١٠٠]

حضور ﷺ اس کا حق تمہیں ہرگز نہیں دے سکتے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ سچ کہا' تم سامان ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کو دے دو۔ انہوں نے سامان مجھے دے دیا۔ میں نے اس سامان سے قبیلہ سلمہ کے محلہ میں ایک باغ خریدا۔ اسلام کے بعد یہ میرا پہلا مال تھا۔ جسے میں نے حاصل کیا تھا۔

٤٣٢٢- وَقَالَ اللَّيْثُ : حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيرِ بْنِ أَفْلَحَ عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ مَوْلَى أَبِي قَتَادَةَ أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ قَالَ : لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ نَظَرْتُ إِلَى رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يُقَاتِلُ رَجُلاً مِنَ الْمُشْرِكِينَ، وَآخَرُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، يَخْتِلُهُ مِنْ وَرَائِهِ لِيَقْتُلَهُ فَأَسْرَعْتُ إِلَى الَّذِي يَخْتِلُهُ فَرَفَعَ يَدَهُ لِيَضْرِبَنِي وَأَضْرِبُ يَدَهُ فَقَطَعْتُهَا، ثُمَّ أَخَذَنِي فَضَمَّنِي ضَمًّا شَدِيدًا حَتَّى تَخَوَّفْتُ ثُمَّ تَرَكَ فَتَحَلَّلَ وَدَفَعْتُهُ، ثُمَّ قَتَلْتُهُ، وَانْهَزَمَ الْمُسْلِمُونَ وَانْهَزَمْتُ مَعَهُمْ، فَإِذَا بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي النَّاسِ، فَقُلْتُ لَهُ: مَا شَأْنُ النَّاسِ، قَالَ : أَمْرُ اللهِ ثُمَّ تَرَاجَعَ النَّاسُ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: ((مَنْ أَقَامَ بَيِّنَةً عَلَى

(۴۳۲۲) اور لیث بن سعد نے بیان کیا' مجھ سے یحییٰ بن سعید انصاری نے بیان کیا تھا کہ ان سے عمر بن کثیر بن افلح نے' ان سے ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کے مولیٰ ابو محمد نے کہ ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا' غزوۂ حنین کے دن میں نے ایک مسلمان کو دیکھا کہ ایک مشرک سے لڑ رہا تھا اور ایک دوسرا مشرک پیچھے سے مسلمان کو قتل کرنے کی گھات میں تھا' پہلے تو میں اسی کی طرف بڑھا' اس نے اپنا ہاتھ مجھے مارنے کے لیے اٹھایا تو میں نے اس کے ہاتھ پر وار کر کے کاٹ دیا۔ اس کے بعد وہ مجھ سے چمٹ گیا اور اتنی زور سے مجھے بھینچا کہ میں ڈر گیا۔ آخر اس نے مجھے چھوڑ دیا اور ڈھیلا پڑ گیا۔ میں نے اسے دھکا دے کر قتل کر دیا اور مسلمان بھاگ نکلے اور میں بھی ان کے ساتھ بھاگ پڑا۔ لوگوں میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نظر آئے تو میں نے ان سے پوچھا' لوگ بھاگ کیوں رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا یہی حکم ہے' پھر لوگ آنحضور ﷺ کے پاس آ کر جمع ہو گئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اس پر گواہ قائم کر دے گا کہ کسی مقتول کو اسی نے قتل کیا ہے تو اس کا سارا سامان اسے ملے گا۔ میں اپنے مقتول پر گواہ کے لیے اٹھا

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰمِ اللّٰهِ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ

# تاریخ ابن کثیر

شہرۂ آفاق عربی کتاب

## اَلْبِدَایَۃُ وَالنِّھَایَۃ

کا اردو ترجمہ

جلد چہارم


تصنیف ❁ آٹھویں صدی ہجری کے نامور مورخ، فقیہ، محدث اور مفسرِ قرآن

عَلَّامَہ حَافِظ اَبُوالْفِدَا عِمَادُالدِّیْن اِبْنِ کَثِیْر (۷۰۱ھ۔۷۷۴ھ)

ترجمہ ❁ پروفیسر کوکب شادانی فاضل ادب (عربی)

ایم اے (فارسی) ایم اے (انگریزی) ایم اے (اسلامیات) ایم اے (تاریخ اسلام)

سابق پروفیسر: ایلی کالج (اندور) فرگوسن کالج (پونا) الفنسٹن کالج (بمبئی)



نفیس اکیڈمی

اُردو بازار، کراچی

خزاعی کو طلب فرمایا اور انھیں سواری دے کر قریش کے کچھ معززین کے پاس بھیجا تاکہ وہ مکے جا کر انہیں آپ کے حدیبیہ تک آنے کے مذکورہ بالا اس مقصد سے آگاہ کریں لیکن وہ جونہی مکے پہنچے قریش کے شقی النفس لوگوں نے انہیں گھیر کر قتل کرنا چاہا لیکن وہاں کے اہل حبش ان کے آڑے آئے اور لوگوں کو آپ کے ناقے سے ہٹاتے ہوئے اسے اور اس پر سوار خراش بن امیہ کو بحفاظت مکے کے باہر دور تک چھوڑ گئے اور وہ بخیریت آپ کے پاس پہنچ گئے۔

ابن اسحٰق عکرمہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ اس واقعہ کے بعد قریش مکہ نے اپنے چالیس پچاس آدمی مسلمانوں کے پڑاؤ کا چکر لگانے کے لیے بھیجے لیکن جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے انہیں پکڑ کر آپ کے سامنے پیش کیا تو اس کے باوجود کہ وہ آپ کے پڑاؤ پر تیر اندازی اور سنگ باری کے مرتکب ہوئے تھے انہیں معاف فرما کر واپس بھیج دیا۔

اس کے اور جیسا کہ ابن اسحٰق نے بیان کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو بلا کر ان سے فرمایا کہ وہ مکے جائیں اور وہاں ابوسفیان اور قریش کے دوسرے ممتاز و معزز لوگوں کو سمجھانے کی کوشش کریں کہ آپ بیت اللہ کی عظمت کی بناء پر اس کی زیارت کا شرف حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کے علاوہ آپ کا کوئی اور مقصد نہیں ہے لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ سے عرض کیا کہ انہیں قریش مکہ کی طرف سے اپنی جان کا خطرہ ہے کیونکہ ان سے ان کی (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی) دشمنی مسلم ہے اس کے علاوہ ان کے قبیلے بنی عدی کا اس وقت کوئی شخص وہاں نہیں ہے جو کسی خطرے کے موقع پر ان کے کام آئے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان گزارشات کے بعد آپ سے عرض کیا کہ اس کام کے لیے ان سے بہتر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ رہیں گے کیونکہ ابوسفیان کے علاوہ بنی امیہ کے کئی دوسرے لوگ کوئی ایسی ویسی بات ہونے پر ان کی حفاظت کر سکتے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عمر رضی اللہ عنہ کا یہ مشورہ پسند آیا۔ چنانچہ آپ نے عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنے سفیر کے طور پر مکے روانہ فرما دیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے وہاں پہنچ کر ابوسفیان اور وہاں کے دوسرے شرفاء کو سمجھانے کی کوشش کی لیکن انہوں نے کہا کہ وہ صرف انہیں یعنی عثمان رضی اللہ عنہ کو طواف کعبہ کی اجازت دے سکتے ہیں اور جب انہوں نے ان سے صاف صاف کہہ دیا کہ وہ آپ کے بغیر خانہ کعبہ کا طواف نہیں کر سکتے تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو حرم میں قید کر دیا جب کہ حدیبیہ میں مسلمانوں کو کسی نے خبر دی کہ عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا گیا ہے۔ جب یہ خبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ اب مجبوراً قریش مکہ کو اس کا جواب دیا جائے گا اور اسی کے لیے آپ نے یکے بعد دیگرے اپنے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم سے ایک درخت کے زیر سایہ تشریف فرما ہو کر بیعت لی جسے بیعت رضوان کہا جاتا ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے قریش مکہ سے خون عثمان رضی اللہ عنہ کا بدلہ لینے کے لیے جان کی بازی لگا دینے کی بیعت کی تھی۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ جو اس بیعت میں شریک تھے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریش سے خون عثمان رضی اللہ عنہ کا قصاص لینے کے لیے صحابہ رضی اللہ عنہم سے جان دینے کی بیعت نہیں لینا چاہتے تھے لیکن خود صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ کے دست مبارک پر اسی کے لیے بہ اصرار بیعت کی تھی جس میں وہاں موجود تمام صحابہ رضی اللہ عنہم بنی سلمہ کے بھائی جد بن قیس کے سوا شریک تھے۔

www.ahlehaq.org

وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ

سیرتِ نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا بیش بہا خزانہ

# سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## ابنِ ہشام

حصہ سوم

مُصنّف

محمد عبدالملک ابنِ ہشام

ناشر

اسلامی کتب خانہ

فضل الٰہی مارکیٹ
چوک اردو بازار لاہور

فون : 042 - 7223506

جب حضور وضو کرتے ہیں۔ تو صحابہ آپ کے وضو کے پانی کی ایک بوند زمین پر نہیں گرنے دیتے۔ تبرکاً سب ہاتھوں ہاتھ لے لیتے ہیں ایسے ہی آپ کا تھوک بھی تبرک سمجھتے ہیں۔ ان باتوں کو دیکھ کر عروہ حیران ہو گیا اور قریش کے پاس جا کر کہا اے قریش میں نے کسریٰ اور قیصر اور نجاشی وغیرہ بادشاہوں کو دیکھا ہے مگر ایسی سلطنت کسی کی نہیں دیکھی جیسی محمد ﷺ کی دیکھی ہے۔ پس اب جو تمہاری رائے ہو اس کو قائم کرو۔

راوی کہتا ہے حضور نے خراش بن امیہ خزاعی کو اونٹ پر سوار کر کے جس کا نام ثعلب تھا۔ قریش کے پاس قاصد بنا کر بھیجا قریش نے اس کے اونٹ کی کونچیں کاٹ دیں۔ اور اس کو قتل کرنا چاہا مگر اور لوگوں کے منع کرنے سے اس کو چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ شخص حضور کے پاس پہنچا۔

راوی کہتا ہے قریش نے چالیس یا پچاس آدمی اس واسطے حضور کے لشکر کی طرف روانہ کیے۔ کہ اگر حضور کے صحابیوں میں سے کوئی شخص ان کے ہاتھ لگ جائے تو اس کو پکڑ کر لے آئیں۔ مگر ان احمقوں نے حضور کے لشکر پر تیر اور پتھر پھینکنے شروع کیے صحابہ نے ان کو گرفتار کر کے حضور کی خدمت میں پیش کیا حضور نے معاف فرمایا اور ان کو چھوڑ دیا۔ پھر حضور نے عمر بن خطاب کو بلایا تا کہ ان کو مکہ میں اشراف قریش کی طرف روانہ فرمائیں کہ وہ حضور کو زیارت کر لینے دیں۔ عمر نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھ کو قریش سے اپنی جان کا خوف ہے کیونکہ وہ میری عداوت کے حال سے واقف ہیں کہ میں جس قدر ان پر سختی کرتا ہوں اور میری قوم بنی عدی بن کعب میں سے بھی کوئی مکہ میں نہیں ہے جو مجھ کو بچا لے گا۔ میں آپ کو ایک ایسا شخص بتاتا ہوں جو قریش کے نزدیک مجھ سے زیادہ بہتر اور عزیز تر ہے یعنی عثمان بن عفان تب حضور نے عثمان کو طلب کیا اور ابوسفیان وغیرہ اشراف قریش کے پاس بھیجا تا کہ عثمان ان کو خبر دے دیں۔ کہ حضور جنگ کے واسطے نہیں آئے صرف زیارت کے واسطے آئے ہیں۔

راوی کہتا ہے عثمان مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔ ابان بن سعید بن عاص مکہ میں داخل ہونے سے پہلے یا اس کے بعد حضرت عثمان کو ملا اور ان کے ساتھ ہو لیا۔ یہاں تک کہ انہوں نے حضور کا پیغام قریش کو پہنچا دیا۔ ابوسفیان وغیرہ نے عثمان سے کہا کہ اگر تمہارا جی چاہے تو تم کعبہ کا طواف کر لو۔ عثمان نے کہا جب تک حضور طواف نہ فرمائیں گے میں نہیں کر سکتا۔ پھر قریش نے حضرت عثمان کو روک لیا۔ اور مسلمانوں کو یہ خبر پہنچی۔ کہ حضرت عثمان شہید ہو گئے۔

## بیعتِ رضوان

جب حضور کو یہ خبر پہنچی کہ عثمان قتل کیے گئے۔ فرمایا میں ہرگز یہاں سے نہ جاؤں گا۔ جب تک کہ مشرکوں

تاریخ الامم والملوک

# تاریخ طبری

جلد دوم

تصنیف: علامہ ابی جعفر محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ

## سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم حصہ اوّل

ترجمہ: سید محمد ابراہیم (ایم۔اے) ندوی ◉ ترتیب وتبویب: شبیر حسین قریشی (ایم۔اے)

تاریخ اسلام کے قدیم ترین اور مستند مؤرخ علامہ محمد بن جریر الطبری کی تاریخ الامم والملوک جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ کی تمام تفصیلات معتبر اور اصل راویوں تک مکمل سلسلۂ اسناد کے ذریعہ بیان کی گئی ہیں یہی وہ نایاب تاریخ ہے جو زمانہ قدیم سے لے کر عصر حاضر تک سیرت مبارکہ کی معتبر اور مستند ماخذ رہی ہے تاریخ اسلام کے تمام مؤرخین نے اسی سے خوشہ چینی کی ہے۔

نفیس اکیڈمی اُردو بازار کراچی

اپنے قول بما تعملون بصیر تک۔

ابن اسحٰق کا بیان یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قریش کے پاس عثمانؓ بن عفان کے ہاتھ ایک خط بھیجا تھا اس کی وجہ سے انہوں نے سہیل بن عمرو کو آپؐ کی خدمت میں بھیجا۔

## حضرت خراش بن اُمیہ:

دوسرے سلسلے سے ابن اسحٰق کہتے ہیں کہ مجھ سے ایک اہل علم نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خراش بن امیہ کو بلا کر ثعلب نامی اونٹ پر مکہ بھیجا تا کہ وہ اشراف مکہ کو آپؐ کے آنے کی غرض بتائیں' انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے اونٹ کو ذبح کر ڈالا اور خراش کو قتل کر دینے کا ارادہ کیا' مگر حبشیوں نے ان کی حمایت کی تب قریش نے ان کو چھوڑا اور وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس چلے آئے قریش نے چالیس یا پچاس آدمی اس ہدایت کے ساتھ بھیجے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی فرودگاہ کا چکر لگائیں تا کہ آپؐ کے صحابہؓ میں سے اگر کسی پر ان کا قابو چلے اسے قتل کر دیں۔ یہ سب گرفتار کر کے رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کیے گئے آپؐ نے ان کو معاف کر دیا اور چھوڑ دیا۔ انہوں نے آپ کی فرودگاہ میں پتھر اور تیر پھینکے تھے۔

## حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی سفارت:

اس واقعے کے بعد آپؐ نے عمر بن الخطاب سے کہا کہ تم مکہ جاؤ اور اشراف مکہ کو میرے آنے کی غرض سے مطلع کرو۔ انہوں نے آپؐ سے عرض کیا کہ مجھے وہاں جانے میں اپنی جان کا خوف ہے کیونکہ میرے قبیلہ بنو عدی والوں میں سے کوئی مکہ میں نہیں جو میری حمایت کر سکے' مزید برآں قریش اس سے واقف ہیں کہ میں ان کا سخت دشمن ہوں۔ میں آپ کو ایک ایسا شخص بتاتا ہوں جس کی مکہ میں مجھ سے زیادہ عزت اور اثر ہے اور وہ عثمانؓ بن عفان ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کو بلایا اور کہا کہ تم ابوسفیان اور اشراف قریش سے جا کر کہو کہ میں اس وقت لڑائی کے لیے نہیں آیا ہوں بلکہ کعبہ کی تقدیس کی وجہ سے اس کی زیارت کو آیا ہوں۔ عثمان مکہ آئے۔ مکہ میں یا باہر آبان بن سعید بن العاص سے ان کی ملاقات ہوئی۔ آبان خود اپنی سواری سے اتر پڑا۔ اس نے عثمان کو اپنے آگے بٹھایا اور خود ان کے پیچھے بیٹھا اور ان سے رسول اللہ ﷺ کے پیام کو پہنچا دینے تک حفاظت کا وعدہ کیا۔ عثمانؓ ابوسفیان اور قریش کے عمائد کے پاس آئے اور رسول اللہ ﷺ کا پیام ان کو پہنچا دیا جب وہ پیام سنا چکے قریش نے ان سے کہا تمہارا جی چاہے تو تم کعبہ کا طواف کر لو۔ انہوں نے کہا جب تک رسول اللہ ﷺ طواف نہ کریں میں بھی طواف نہیں کرتا۔ اس پر قریش نے ان کو اپنے یہاں روک لیا۔ رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کو یہ خبر پہنچی کہ عثمان قتل کر دیے گئے۔ آپؐ نے سن کر فرمایا کہ اب میں تاوقتیکہ دشمن سے فیصلہ کن لڑائی نہ لڑوں یہاں سے نہ جاؤں گا۔ پھر آپؐ نے مسلمانوں کو بیعت کے لیے بلایا اور یہی بیعت رضوان ہے جو وہاں ایک درخت کے نیچے لی گئی۔

## بیعت رضوان:

سلمہ بن الاکوع سے مروی ہے کہ ہم حدیبیہ سے پلٹ رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کے منادی نے ندا دی "لوگو! بیعت کے لیے آؤ روح القدس آئے"۔ ندا کو سن کر ہم تیزی سے آپ کی طرف چلے' آپؐ اس وقت ایک خاردار درخت کے نیچے تشریف فرما تھے۔ ہم نے آپ کی بیعت کی۔ اسی موقع کے لیے اللہ کا یہ قول نازل ہوا۔ لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت مفصل و مستند تصنیف

علامہ علی ابن برہان الدین حلبی کی مایہ ناز عربی تصنیف کا اردو ترجمہ

اَلسِّیرَۃُ الحَلَبِیَّہ

# سیرۃ حلبیہ

اردو

مع اضافات

۵
جلد سوم
نصف اول


مرتب و مترجم اردو ○ مولانا محمد اسلم قاسمی فاضل دیوبند

زیر سرپرستی ○ حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب صاحب



دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون 2631861

آنحضرت ﷺ کی طرف سے قریش کو آپ کے آنے کی اصل غرض و غایت بتلائیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔

"یارسول اللہ! مجھے قریش کی طرف سے اپنی جان کا خوف ہے کیونکہ مکے میں (میرے خاندان یعنی) بنی عدی ابن کعب کا بھی کوئی شخص نہیں ہے جو میری حمایت میں اٹھ سکے۔ ادھر آپ کو معلوم ہے کہ میں قریش کا کتنا سخت دشمن ہوں اور ان کے خلاف کتنا سخت ہوں۔ لیکن میں آپ کو ایک ایسے شخص کا نام بتلاتا ہوں جو قریش کے نزدیک میرے مقابلے میں زیادہ معزز ہے اور وہ حضرت عثمان ابن عفان ہیں۔ (ی) کیونکہ وہاں ان کے چچا کی اولاد ہے جو ان کی حفاظت کرے گی!"

**عثمان غنی بطور قاصد**..... چنانچہ اس مشورہ پر رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمان ابن عفان کو بلایا اور انہیں ابو سفیان اور قریش کے دوسرے سرکردہ لوگوں کے پاس یہ پیغام دے کر بھیجا کہ آپ کسی جنگ و جدل کے ارادہ سے یہاں نہیں آئے ہیں بلکہ صرف بیت اللہ کی زیارت کرنا ہے اور اس کا احترام دل میں لے کر آئے ہیں۔

یہاں ابو سفیان کا ذکر شاید کسی راوی کی غلطی کے سبب سے ہے کیونکہ جیسا کہ پیچھے بیان ہوا وہ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر موجود نہیں تھے۔

غرض اس کے ساتھ ہی آنحضرت ﷺ نے عثمان غنیؓ کو حکم دیا کہ مکے پہنچ کر وہاں مسلمان مردوں و عورتوں کے پاس بھی جائیں جو وہاں پھنسے ہوئے ہیں۔ ان کے پاس پہنچ کر وہ انہیں فتح کی خوشخبری سنادیں۔ اور یہ خبر دے دیں کہ عنقریب اللہ تعالیٰ مکے میں اپنے دین کو سربلند فرمائے گا یہاں تک کہ وہاں کسی شخص کو اپنا ایمان چھپانے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

بعض حضرات نے لکھا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو قریش کے نام ایک خط دے کر روانہ فرمایا تھا اور اس میں لکھا تھا کہ آپ ﷺ یہاں کسی سے جنگ کرنے کے لئے نہیں آئے بلکہ صرف عمرہ کرنے کے لئے تشریف لائے ہیں۔ ان بعض حضرات کے اس قول کی دلیل آگے آنے والی روایت ہے جس میں قریش کے جواب کا ذکر ہے۔ ایک قول ہے کہ قریش کے جوابی خط میں اس واقعہ کا ذکر تھا جو آپ کے اور سہیل ابن عمرو کے درمیان پیش آیا تھا اور یہ کہ اس شرط پر صلح ممکن ہے کہ اس سال آپ واپس لوٹ جائیں۔ آخر حدیث تک۔ اور یہ کہ جب قریش نے ان کو پکڑ لیا تو آنحضرت ﷺ نے بھی سہیل ابن عمرو کو اپنے پاس روک لیا۔ ابن حجر کی شرح ہمزیہ میں اسی طرح ہے مگر انہوں نے اس روایت کو پہلی سے مقدم بیان کیا ہے جو قابل غور ہے۔

**عثمان کو ابان کی پناہ**..... غرض آنحضرت ﷺ کے حکم پر حضرت عثمان ابن عفان مکے کو روانہ ہوئے۔ ادھر اسی عرصہ میں آنحضرت ﷺ کی اجازت سے دس دوسرے صحابہ بھی مکے میں داخل ہوئے تھے جن کا مقصد اپنے عزیزوں سے ملنا تھا مگر میں ان صحابہ کے ناموں سے واقف نہیں ہو سکا۔ ساتھ ہی مجھے یہ بات بھی واضح نہیں ہو سکی کہ آیا یہ دس دوسرے صحابہ عثمان غنیؓ کے ساتھ ہی مکے پہنچے تھے یا علیحدہ گئے تھے۔

مکے میں داخل ہونے سے پہلے حضرت عثمان غنیؓ ابان ابن سعید ابن عاص سے ملے جو بعد میں خیبر کی جنگ سے پہلے مسلمان ہو گئے تھے مگر اس وقت مسلمان نہیں تھے (حضرت عثمانؓ نے مکے میں داخل ہونے کے لئے ان کی حمایت چاہی) چنانچہ انہوں نے عثمان غنیؓ کو اپنی حمایت و حفاظت کا وعدہ دیا (کہ مکے میں دشمنوں سے حفاظت کے لئے تم میری پناہ میں رہو گے) انہوں نے حضرت عثمانؓ کو اپنے آگے آگے کر لیا (تاکہ سب

# مدارج النبوت

## جلد دوم

تصنیف

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

علامہ مفتی سید غلام معین الدین نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

شبیر برادرز

۴۰۔ اردو بازار۔ زبیدہ سنٹر ○ لاہور

کے لوگوں کے ساتھ تم سے جدا ہو کر چلا جاؤں گا۔ قریش نے عذر خواہی اور اس کی دلجوئی اور تسکین دہی کرتے ہوئے کہا "اے حلیس! ان باتوں کو چھوڑو ہم اپنی مرضی کے موافق محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صلح کر رہے ہیں"۔

ارباب سیر بیان کرتے ہیں۔ کہ جب قریش کی جانب سے لوگ آ رہے تھے اور قریش کی قساوت دور کرنے کی کوشش کر رہے تھے اور ان اشقیاء کی شدت میں بھی کمی نہ ہوتی تھی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی چاہا کہ کسی کو بھیج کر اس معاملہ میں سعی فرمائیں۔ آپ نے پہلے بنی خزاعہ کے ایک شخص کو بھیجا جس کا نام حراش بن امیہ کعبی تھا۔ اسے ایک اونٹ دیا تا کہ وہ ان کے دلنشیں کرائے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تشریف لانا زیارت کعبہ اور عمرہ ادا کرنے کے لیے ہے جنگ وقتال نہیں ہے جب وہ قریش کے پاس پہنچے تو وہ ان کے اونٹ کے درپے ہو کر حراش بن اُمیہ رضی اللہ عنہ کے قتل کرنے پر اتر آئے۔ ان کی قوم نے جو مکہ میں تھی ان کی حمایت کر کے چھڑایا اور انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف واپس بھیج دیا۔ اس کے بعد سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے فرمایا۔ "تمہیں مکہ جانا چاہیے تا کہ انہیں سمجھاؤ کہ ہم جنگ کے ارادے سے نہیں بلکہ عمرہ کرنے آئے ہیں"۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ پر روشن ہے کہ قریش کی عداوت میرے ساتھ کس قدر ہے اور ان کی شدت وغلظت کس حد تک ہے۔ اگر وہ مجھ پر قابو پالیں تو یقیناً زندہ نہ چھوڑیں اور بنی عدی میں سے مکہ میں کوئی نہیں ہے جو ان کی شرارتوں پر میری حمایت کر سکے اور میری حفاظت کر سکے۔ اگر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو بھیجیں تو بہت مناسب ہوگا کیونکہ وہ قریش کے نزدیک زیادہ عزیز ہیں اور مکہ میں ان کے عزیز واقارب بہت ہیں"۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان کو بلایا اور مکہ مکرمہ کی جانب بھیجا۔ تا کہ ابوسفیان اور صنادید قریش کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مافی الضمیر سمجھائیں۔ اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حضور کے ارشاد کے بموجب مکہ کی طرف چلے۔ مقام بلاح میں مشرکوں سے ملے اور ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام پہنچا دیا۔ مگر کفار اپنی اسی جہالت وتعصب پر اڑے رہے کہ اس کا کوئی امکان نہیں ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو گزرنے دیں۔ اور بیت اللہ کی زیارت کرنے دیں"۔ سبحان اللہ! یہ کتنے جاہل لوگ ہیں کہ اپنی شدت وجہالت پر اڑے ہوئے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نرمی فرماتے ہیں اور ان کو سمجھاتے ہیں کہ جنگ کا ارادہ نہیں ہے۔ اگر آپ شدت ومحاربہ اختیار فرماتے تو اسی وقت ان کی جانیں منہ کو آ جاتیں۔ جیسا کہ آخر قصہ میں ظاہر ہوگا۔

اس کے بعد ابان بن سعید بن العاص نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ تعظیم وتکریم کا اظہار کیا انہیں اپنی سواری پر بٹھا کر خود ان کے پیچھے بیٹھ کر ردیف بن گیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو مکہ مکرمہ لے گیا۔ حضرت ذوالنورین رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام ابوسفیان اور دیگر صنادید قریش کو پہنچا دیا۔ یہ لوگ اپنی قوم کے ساتھ یہاں پر نہیں آئے تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سب کو بھی اس بات میں قوم کا ہم خیال پایا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بھی ارادہ فرمایا کہ لوٹ چلیں۔ اس وقت انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خاطر داری کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہا۔ "اگر تم چاہو تو اٹھو اور طواف کر لو"۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا "میں اس وقت تک طواف نہیں کر سکتا جب تک کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم طواف نہ کر لیں"۔ مشرکین نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بات سے برہم ہو کر اور غصہ میں آ کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو رخصت کی اجازت نہ دی۔

ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ روانہ ہو گئے تو صحابہ عرض کرنے لگے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کتنے خوش نصیب ہیں کہ وہ مکہ مکرمہ پہنچ کر خانہ کعبہ کی زیارت کریں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "عثمان رضی اللہ عنہ کیلئے میرا یہ خیال ہے کہ وہ ہمارے بغیر زیارت نہ کریں گے"۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ دس اور مہاجرین بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے مکہ مکرمہ گئے۔ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مدت اقامت مکہ مکرمہ میں دراز ہوئی اور لشکر اسلام میں یہ خبر پھیلی کہ حضرت

# البداية والنهاية

للحافظ عماد الدين أبي الفداء إسماعيل

ابن عمر بن كثير القرشي الدمشقي

٧٠١ - ٧٧٤ هـ

تحقيق

الدكتور عبد الله بن عبد المحسن التركي

بالتعاون مع

مركز البحوث والدراسات العربية والإسلامية

بدار هجر

## الجزء الخامس

هجر

للطباعة والنشر والتوزيع والإعلان

ببطنِ مكةَ مِن عثمانَ بنِ عفانَ لَبعَثه مكانَه، فبعَث عثمانَ، وكانت بَيعةُ الرِّضوانِ بعدَما ذهَب عثمانُ إلى مكةَ، فقال النبيُّ ﷺ بيدِه اليُمنَى: «هذه يدُ عثمانَ». فضرَب بها على يدِه، فقال: «هذه لعثمانَ». اذْهَبْ بهذا[1] الآنَ معك.

وقد رواه البخاريُّ أيضًا فى موضِعٍ آخرَ، والترمذيُّ مِن حديثِ أبى عَوانةَ، عن عثمانَ بنِ عبدِ اللَّهِ بنِ مَوْهَبٍ به[2].

وقال الأُمويُّ فى «مغازيه»[3]: عن ابنِ إسحاقَ، حدَّثنى يحيى بنُ عَبَّادٍ، عن أبيه، عن جَدِّه، سَمِعْتُ رسولَ اللَّهِ ﷺ يَقولُ[4]: «أَوْجَبَ طَلْحَةُ». حينَ صنعَ ما صنعَ برسولِ اللَّهِ ﷺ[4]، وقد كان الناسُ انهَزَموا عنه حتى بلَغ بعضُهم إلى المُنَقَّى[5] دونَ الأَعْوَصِ[6]، وفرَّ عثمانُ بنُ عفانَ، وسعدُ بنُ عثمانَ و[7]عقبةُ ابنُ عثمانَ[7]، رجلان[8] مِن الأنصارِ، حتى بلَغوا الجَلَعْبَ؛ جبلٌ بناحيةِ المدينةِ مما يلى الأَعْوَصَ، فأقاموا ثلاثًا ثُم رجَعوا، فزَعَموا أن رسولَ اللَّهِ ﷺ

---

(١) فى الأصل، ص: «بها».

(٢) البخارى (٣٦٩٨)، والترمذى (٣٧٠٦).

(٣) سيرة ابن إسحاق ص ٣١١، عن يحيى بن عباد به. وأخرجه الطبرى فى تاريخه ٢/ ٥٢٢، عن ابن إسحاق به.

(٤ - ٤) سقط من النسخ. والمثبت من سيرة ابن إسحاق وتاريخ الطبرى.

(٥) فى الأصل، ص: «النقا». والمنقى. طريق للعرب إلى الشام، كان فى الجاهلية يسكنه أهل تهامة، وهو بين أحد والمدينة. معجم البلدان ٤/ ٦٦٩.

(٦) فى الأصل: «الأعرض». والأعوص: موضع قرب المدينة. معجم البلدان ١/ ٣١٧.

(٧ - ٧) سقط من النسخ. والمثبت من سيرة ابن إسحاق، وتاريخ الطبرى. وانظر المطالب العالية (٤٣١٤).

(٨) فى النسخ: «رجل»، والمثبت من مصدرى التخريج.

تاریخ الامم والملوک

# تاریخ طبری

جلد دوم

تصنیف: علامہ ابی جعفر محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ

## سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم حصہ اوّل

ترجمہ: سید محمد ابراہیم (ایم۔اے) ندوی ◉ ترتیب وتبویب: شبیر حسین قریشی (ایم۔اے)

تاریخ اسلام کے قدیم ترین اور مستند مؤرخ علامہ محمد بن جریر الطبری کی تاریخ الامم والملوک جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ کی تمام تفصیلات معتبر اور اصل راویوں تک مکمل سلسلۂ اسناد کے ذریعہ بیان کی گئی ہیں یہی وہ نایاب تاریخ ہے جو زمانہ قدیم سے لے کر عصر حاضر تک سیرت مبارکہ کی معتبر اور مستند ماخذ رہی ہے تاریخ اسلام کے تمام مؤرخین نے اسی سے خوشہ چینی کی ہے۔

نفیس اکیڈمی اُردو بازار کراچی

یَنقَلِبْ عَلٰی عَقِبَیْهِ فَلَنْ یَّضُرَّ اللّٰهَ شَیْئًا وَّ سَیَجْزِی اللّٰهُ الشّٰكِرِیْنَ ۝

"اور نہیں ہیں محمدؐ مگر اللہ کے رسول ان سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے اگر وہ مر جائیں یا مارے جائیں تم الٹے پاؤں پلٹ جاؤ گے اور جو کوئی الٹے پاؤں پلٹ جائے گا وہ ہرگز اللہ کو کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا اور بہت جلد اللہ فرماں برداروں کو جزائے خیر دے گا"۔

## ابوسفیان کی پیش قدمی و پسپائی:

ابوسفیان اس جماعت کی طرف آیا۔ جب وہ پہاڑ پر چڑھ آیا اور صحابہؓ نے اسے دیکھا وہ اپنی خوشی کو بھول گئے اور اس کی پیش قدمی سے متاثر ہو گئے۔ رسول اللہ ﷺ فرمانے لگے وہ ہم پر کبھی غلبہ نہ پائیں گے۔ اے اللہ! اگر یہ میری جماعت ہلاک ہو گئی تو پھر کوئی تیرا پرستار نہ رہے گا' پھر آپؐ نے صحابہ کو مدافعت کا حکم دیا' انہوں نے دشمن پر پتھر پھینکے اور ان کو پہاڑ سے نیچے گرا دیا۔

## ابوسفیان اور حضرت عمرؓ میں گفتگو:

ابوسفیان نے اس روز کہا تھا آج ہبل کا بول بالا ہوا' حنظلہ' حنظلہ کے عوض میں قتل ہوا' آج بدر کا بدلہ ہوا مشرکین نے اس روز حنظلہ بن الراہب کو شہید کیا تھا ان کو غسل جنابت کی ضرورت تھی اس لیے ملائکہ نے ان کو غسل دیا۔ حنظلہ بن ابی سفیان جنگ بدر میں مارا گیا تھا۔ ابوسفیان نے کہا عزیٰ ہمارا مددگار ہے اور تمہارا کوئی عزیٰ نہیں ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے عمرؓ سے کہا' کہو اللہ ہمارا مولیٰ ہے اور تمہارا کوئی مولیٰ نہیں ہے۔ ابوسفیان نے پوچھا کیا محمد تم میں موجود ہیں بے شک تمہارے مقتولین کے اعضاء کو قطع و برید کیا گیا ہے' عمر میں نے نہ اس کی اجازت دی تھی اور نہ اس سے روکا اس بات سے نہ میں خوش ہوا اور نہ ناراض' اللہ عزوجل نے ابوسفیان کے اس طرح پہاڑ پر چڑھ کر برآمد ہونے کا ان آیات میں ذکر کیا ہے فَاَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ لِّكَیْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰی مَا فَاتَكُمْ وَ لَا مَاۤ اَصَابَكُمْ یہاں غم اول فتح اور غنیمت کا ہاتھ سے نکل جانا اور غم ثانی دشمن کا اس طرح پہاڑ پر چڑھ آنا تاکہ مسلمان جو غنیمت ہاتھ سے نکل گئی اور اپنے ساتھیوں کے قتل پر ملول نہ ہوں اور یہ اس وقت ہوا جب کہ وہ ان باتوں کو یاد کر رہے تھے۔ ابوسفیان نے وہاں برآمد ہو کر ان کی طرف متوجہ کر لیا۔

## حضرت طلحہؓ بن عبیداللہ:

سلمہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ چند صحابہؓ کے ہمراہ درے میں بیٹھے تھے' قریش کی ایک جماعت پہاڑ پر چڑھ آئی۔ آپؐ نے فرمایا خداوندا ایسا نہ ہونے پائے کہ وہ یہاں چڑھ آئیں۔ عمر بن الخطابؓ نے مہاجرین کی ایک چھوٹی سی جماعت کے ساتھ ان حملہ آوروں کا مقابلہ کیا اور ان کو پہاڑ سے نیچے اتار دیا۔ رسول اللہ ﷺ پہاڑ کی ایک بڑی چٹان پر چڑھنے کے لیے اٹھے مگر ایک تو آپ تھکے ہوئے تھے دوسرے دو زرہیں پہن رکھی تھیں اس لیے آپؐ اپنی جگہ سے نہ اٹھ سکے۔ طلحہؓ بن عبیداللہ آپؐ کے لیے بیٹھ گئے تب آپ اٹھ کر ان پر سوار ہو گئے۔ زبیرؓ سے مروی ہے کہ میں نے اس روز رسول اللہ ﷺ کو کہتے سنا کہ اللہ کے رسول کے ساتھ اس خدمت گزاری کی وجہ سے طلحہؓ نے اپنا حق واجب کر لیا۔

ابوجعفر کہتے ہیں کہ اس روز جو صحابہ رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر بھاگے تھے ان میں سے بعض تو کوہ اعوض کے ادھر مقام منقی جا پہنچے۔ عثمان بن عفان' عقبہ بن عثمان اور سعد بن عثمان' دو انصاری یہ احد سے بھاگ کر کوہ جلعب جو مدینہ کے اطراف میں کوہ اعوض کے متصل واقع ہے چلے آئے یہ لوگ تین دن ٹھہر کر پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس پلٹ گئے۔ بعض راویوں نے بیان کیا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا تم کس ضرورت سے وہاں چلے گئے تھے۔

# مدارج النبوت

## جلد دوم

تصنیف

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

علامہ مفتی سید غلام معین الدین نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

شبیر برادرز

۴۰۔ اردو بازار۔ زبیدہ سنٹر ○ لاہور

اندازوں کے مقابلہ اوران کی کثرت تیراندازی سے غائب وخاسر ہوکرلوٹ گیا تھا۔مگر وہ مطلقاً مایوس نہ ہوا تھا اور برابر گھات میں لگا ہوا تھا۔وہ غفلت کا منتظر تھا کہ کب مسلمانوں کی یہ جماعت اس طرف سے غافل ہو۔چنانچہ جب یہ لوگ غافل ہوگئے تو وہ عکرمہ بن ابوجہل مشرکوں کی ٹولی کے ساتھ حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حملہ آور ہوگیا اوران کو ان کے چند ساتھیوں کے ساتھ جو گنتی کے چند نفر تھے شہید کردیا۔پھراس نے اس شگاف سے نکل کر مسلمانوں کے عقب پر حملہ کردیا۔اس نے مسلمانوں کو تلواروں پر رکھ لیا اور بے دریغ قتل کرنے لگا۔لشکر اسلام میں اضطراب عظیم اور ہلچل پیدا ہوگئی اور تمام لشکر تتر بتر ہوگیا اوران کی حالت حددرجہ پراگندہ ہوگئی۔ مسلمان ایک دوسرے پر پل پڑے اوران میں پہچاننے کا شعور نہ رہا۔چنانچہ ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مسلمانوں ہی سے دوزخم پہنچے اور ابو بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی مسلمانوں ہی سے دوزخم لگے۔جب یہ معاملہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش ہوا تو فرمایا یہ بھی اللہ کے ہی راستہ میں ہے۔حضرت یمان' حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے والد مسلمانوں ہی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔اس کے بعد حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اللہ تعالیٰ تمہیں بخشے اور تم پر رحمت کرے۔وہ ہمیشہ ہی اپنے قاتلوں کے حق میں دعائے خیر اور استغفار کرتے رہتے تھے۔جب یہ معاملہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش ہوا تو فرمایا تو حضرت یمان کی دیت ادا کرو۔حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے والد کی دیت لے کر مسلمانوں پر ہی صدقہ کردی۔

الغرض اشرار وکفار نے غلبہ پایا اوراخیار بھاگنے لگے اور ایک دم سارا معاملہ الٹ کر رہ گیا۔کافروں نے میدان جلادت میں قدم رکھا اور اہل اسلام کے قتل میں مشغول ہوگئے۔یہ بدقسمتی' نافرمانی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بدولت انہیں پہنچی جو تیراندازوں کی جماعت سے صادر ہوئی تھی اور دنیاوی مال وزر کے جمع کی طمع اور میلان نے ان کو اس حال میں پہنچایا جس سے لشکر اسلام کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔(اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ) تاہم عنایت الٰہی ان مسلمانوں سے منقطع نہ ہوئی اور سب کو معاف فرمادیا گیا تاکہ مسلمانوں کو معلوم ہوجائے کہ حضرت حق جل وعلی جس کے ساتھ نظر عنایت وقبول رکھتا ہے۔اس کو اپنی بارگاہ سے دور نہیں فرماتا اور اسے رد نہیں کرتا۔یہ سب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھنے کی بدولت اور آپ کے طفیل میں ہے۔جیسا کہ آیہ کریمہ میں ارشاد ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تَوَلَّوْا مِنْکُمْ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ اِنَّمَا اسْتَزَلَّھُمُ الشَّیْطٰنُ بِبَعْضِ مَا کَسَبُوْا وَلَقَدْ عَفَا اللّٰہُ عَنْھُمْ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ○

بے شک وہ ایمان دار بندے جنہوں نے دونوں گروہوں کے ملنے کے دن منہ پھیرا تھا دراصل ان کو شیطان نے نبی کے بعض حکم کی خلاف ورزی کی وجہ سے پھسلایا تھا بلاشبہ اللہ نے ان سب کو معاف فرمادیا اور اللہ غفور رحیم

ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ اس وقت صحابہ چار قسموں میں بٹ گئے تھے۔صحابہ کی ایک قسم جنگ میں مصروف تھی اور وہ شہید ہورہی تھی۔دوسرا گروہ بھاگ رہا تھا اور پہاڑ کی گھاٹیوں اور کونوں میں چھپ رہا تھا۔بعض شہر میں جاکر ٹھہر گئے تھے ان میں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے جو جنگ کی آگ ٹھنڈی ہونے کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ اس آیہ کریمہ کے شامل حال ہوکر عفو ومغفرت کی تحریر حال کی پیشانی اوران کے نامہ اعمال میں لکھی گئی۔ایک جماعت مرکز صدق پر ثابت قدم رہی' راہ فرار سے محفوظ رہی (رضی اللہ عنہم اجمعین)

# تفسير الطبري

## جامع البيان عن تأويل آي القرآن

لأبي جعفر محمد بن جرير الطبري

(٢٢٤هـ - ٣١٠هـ)

تحقيق

الدكتور/ عبد الله بن عبد المحسن التركي

بالتعاون مع

مركز البحوث والدراسات العربية والإسلامية

بدار هجر

الدكتور/ عبد السند حسن يمامة

الجزء السادس

هجر

قال ابنُ جُريجٍ : وقولُه : ﴿ إِنَّمَا ٱسْتَزَلَّهُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوا۟ وَلَقَدْ عَفَا ٱللَّهُ عَنْهُمْ ﴾ : إذ لم يُعاقِبْهم[1] .

[١١/٥٥٥ظ] **حدَّثنا** ابنُ حُميدٍ ، قال : ثنا سلمةُ ، عن ابنِ إسحاقَ ، قال : فرَّ عثمانُ بنُ عفانَ ، وعقبةُ بنُ عثمانَ وسعدُ بنُ عثمانَ - رجلان مِن الأنصارِ - حتى بلَغوا الجَلْعَبَ - جبلٌ بناحيةِ المدينةِ مما يَلِي[2] الأعْوَصَ[3] - فأقاموا به ثلاثًا ، ثم رجَعوا إلى رسولِ اللَّهِ ﷺ ، فقال لهم : « لقد ذهَبْتُم فيها عَريضةً[4] » .

**حدَّثنا** ابنُ حُميدٍ ، قال : ثنا سلمةُ ، عن ابنِ إسحاقَ قولَه : ﴿ إِنَّ ٱلَّذِينَ تَوَلَّوْا۟ مِنكُمْ يَوْمَ ٱلْتَقَى ٱلْجَمْعَانِ إِنَّمَا ٱسْتَزَلَّهُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوا۟ ﴾ الآية : والذين اسْتَزَلَّهم الشيطانُ عثمانُ بنُ عفانَ ، وسعدُ بنُ عثمانَ وعقبةُ بنُ عثمانَ ، الأنصاريان ثم الزُّرَقِيَّان[5] .

١٤٦/٤ /وأما قولُه : ﴿ وَلَقَدْ عَفَا ٱللَّهُ عَنْهُمْ ﴾ . فإن معناه : ولقد تَجاوَز اللَّهُ عن الذين تَوَلَّوْا منكم يومَ الْتَقى الجَمْعان أن يُعاقِبَهم بتَوَلِّيهم عن عدوِّهم .

كما **حدَّثنا** القاسمُ ، قال : ثنا الحسينُ ، قال : ثنى حجاجٌ ، قال : قال ابنُ جُرَيْجٍ قولَه : ﴿ وَلَقَدْ عَفَا ٱللَّهُ عَنْهُمْ ﴾ يقولُ : ولقد عفا اللَّهُ عنهم إذ لم يُعاقِبْهم[6] .

---

(١) عزاه السيوطى فى الدر المنثور ٢/٨٨ إلى المصنف دون قول ابن جريج .

(٢) فى س : « بين » .

(٣) الأعوص : موضع قرب المدينة . معجم البلدان ١/ ٣١٧.

(٤) عريضة : واسعة . النهاية ٣/ ٢١٠.

(٥) سيرة ابن إسحاق ص٣١١ عن يحيى بن عباد ، عن أبيه ، عن جده بأطول مما هنا . ومن طريق ابن إسحاق أخرجه المصنف فى تاريخه ٢/ ٥٢٢. وعزاه ابن كثير فى البداية والنهاية ٥/٣٩١ إلى الأموى فى مغازيه . وعزاه السيوطى فى الدر المنثور ٢/٨٩ إلى ابن المنذر .

(٦) ذكره الطوسى فى التبيان ٣/٢٥ عن ابن جريج .

وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلَّهِ

# صحیح بخاری

جلد پنجم

امیر المومنین فی الحدیث سید الفقہاء

حضرت الامام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ و تشریح

حضرت مولانا محمد داؤد راز رحمۃ اللہ علیہ

نظر ثانی

حضرت العلامہ مولانا عبدالستار اسنوی حفظہ اللہ

حضرت العلامہ مولانا ابو محمد عبدالحق اسلفی حفظہ اللہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

دل کی آنکھوں سے دیکھنا اور ابصرت ظاہر کی آنکھوں سے دیکھنا مراد ہے۔

**تشریح** ان جملہ مذکورہ احادیث میں کسی نہ کسی طرح سے جنگ احد کے حالات بیان کئے گئے ہیں جنگ احد اسلامی تاریخ کا ایک عظیم حادثہ ہے۔ ان کی تفصیلات کے لیے دفتر بھی ناکافی ہیں۔ ہر حدیث کا بغور مطالعہ کرنے والوں کو بہت سے اسباق مل سکیں گے۔ خدا توفیق مطالعہ عطا کرے۔ دیکھا جا رہا ہے کہ قرآن و حدیث کے حقیقی مطالعہ سے طبائع دور تر ہوتی جا رہی ہیں۔ ایسے پرفتن و الحاد پرور دور میں یہ ترجمہ اور تشریحات لکھنے میں بیٹھا ہوا ہوں کہ قدرداں انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں پھر بھی پوری کتاب اگر اشاعت پذیر ہو گئی تو یہ صداقت اسلام کا ایک زندہ معجزہ ہو گا۔ اللھم آمین۔ یااللہ! بخاری شریف مترجم اردو کی تکمیل کرنا تیرا کام ہے اپنے محبوب بندوں کو اس خدمت میں شریک ہونے کی توفیق عطا فرما۔ آمین۔

## ١٩- باب قَوْلِ اللهِ تَعَالَى:

﴿إِنَّ الَّذِينَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوا وَلَقَدْ عَفَا اللهُ عَنْهُمْ إِنَّ اللهَ غَفُورٌ حَلِيمٌ﴾.

## باب اللہ تعالیٰ کا فرمان "بے شک تم میں سے جو لوگ اس دن واپس لوٹ گئے جس دن کہ دونوں جماعتیں آپس میں مقابل ہوئی تھیں تو یہ تو بس اس سبب سے ہوا کہ شیطان نے انہیں ان کے بعض کاموں کی وجہ سے بہکا دیا تھا اور بیشک اللہ انہیں معاف کر چکا ہے۔ یقیناً اللہ بڑا مغفرت والا' بڑا حلم والا ہے۔"

٤٠٦٦- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا أَبُو حَمْزَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ حَجَّ الْبَيْتَ فَرَأَى قَوْمًا جُلُوسًا أَتَالَ: مَنْ هؤُلَاءِ الْقُعُودِ؟ قَالَ: هؤُلَاءِ قُرَيْشٌ، قَالَ: مَنَ الشَّيْخُ؟ قَالُوا: ابْنُ عُمَرَ فَأَتَاهُ فَقَالَ: إِنِّي سَائِلُكَ عَنْ شَيْءٍ أَتُحَدِّثُنِي قَالَ: أَنْشُدُكَ بِحُرْمَةِ هَذَا الْبَيْتِ أَتَعْلَمُ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَرَّ يَوْمَ أُحُدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَتَعْلَمُهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَدْرٍ فَلَمْ يَشْهَدْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَتَعْلَمُ أَنَّهُ تَخَلَّفَ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَمْ يَشْهَدْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ فَكَبَّرَ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: تَعَالَ لأُخْبِرَكَ وَلأُبَيِّنَ لَكَ عَمَّا سَأَلْتَنِي عَنْهُ أَمَّا فِرَارُهُ يَوْمَ أُحُدٍ فَأَشْهَدُ أَنَّ اللهَ عَفَا عَنْهُ، وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ

(۴۰۶۶) ہم سے عبدان نے بیان کیا' کہا ہم کو ابو حمزہ نے خبر دی' ان سے عثمان بن موہب نے بیان کیا کہ ایک صاحب بیت اللہ کے حج کے لیے آئے تھے۔ دیکھا کہ کچھ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ پوچھا کہ یہ بیٹھے ہوئے کون لوگ ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ قریش ہیں۔ پوچھا کہ ان میں شیخ کون ہیں؟ بتایا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما۔ وہ صاحب ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آئے اور ان سے کہا کہ میں آپ سے ایک بات پوچھتا ہوں۔ آپ مجھ سے واقعات (صحیح) بیان کر دیجئے۔ اس گھر کی حرمت کی قسم دے کر میں آپ سے پوچھتا ہوں۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ نے غزوۂ احد کے موقع پر راہ فرار اختیار کی تھی؟ انہوں نے کہا کہ ہاں صحیح ہے۔ انہوں نے پوچھا آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ بدر کی لڑائی میں شریک نہیں تھے؟ کہا کہ ہاں یہ بھی ہوا تھا۔ انہوں نے پوچھا اور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ وہ بیعت رضوان (صلح حدیبیہ) میں بھی پیچھے رہ گئے تھے اور حاضر نہ ہو سکے تھے؟ انہوں نے کہا کہ ہاں یہ بھی صحیح ہے۔ اس پر ان صاحب نے (مارے خوشی کے)

www.ahlehaq.org

وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ

سیرتِ نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا بیش بہا خزانہ

# سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## ابنِ ہشام

حصہ سوم

مُصنّف

محمد عبدالملک ابنِ ہشام

ناشر

اسلامی کتب خانہ

فضل الٰہی مارکیٹ
چوک اردو بازار لاہور

فون : 042 - 7223506

## ان مشرکین کے نام جو جنگ اُحد میں قتل ہوئے

ابن اسحٰق کہتے ہیں۔ اُحد کی جنگ میں قریش کی شاخ بنی عبدالدار سے جو علم بردار مشرکین کے تھے یہ لوگ قتل ہوئے۔ طلحہ بن ابی طلحہ اور ابی طلحہ کا نام عبدالعزیٰ بن عثمان بن عبدالدار ہے۔ اس کو حضرت علی بن ابی طالب نے قتل کیا۔ اور ابوسعد بن ابی طلحہ کو حضرت حمزہ نے قتل کیا۔ اور سافع بن طلحہ اور جلاس بن طلحہ کو عاصم بن ثابت بن ابی افلح نے قتل کیا۔ اور کلاب بن طلحہ اور حرث بن طلحہ کو ہی ظفر کے حلیف قزمان نے قتل کیا۔ اور بعض کہتے ہیں ان کو عبدالرحمٰن بن عوف نے قتل کیا ہے۔ اور ارطاۃ عبد شرجیل بن ہاشم بن عبد مناف بن عبدالدار کو حضرت حمزہ نے قتل کیا۔ اور ابو یزید بن عمیر بن ہاشم بن عبد مناف بن عبدالدار کو اور صواب اس کے ایک حبشی غلام کو قزمان نے قتل کیا۔ اور بعض کہتے ہیں اس کو حضرت علی نے اور بعض سعد بن ابی وقاص نے اور بعض کہتے ہیں ابو دجانہ نے قتل کیا ہے۔ اور قاسط بن شریح بن ہاشم بن عبد مناف بن عبدالدار کو قزمان نے قتل کیا۔ یہ سب گیارہ آدمی کی شاخ میں سے تھے۔

اور بنی اسد بن عبد سعری بن قصیٰ میں سے عبداللہ بن حمید بن زہیر بن حرث بن اسد کو حضرت علی نے قتل کیا۔ اور بنی زہرہ بن کلاب سے ابوالحکم بن اخنس بن شریق بن عمرو بن وہب ثقفی ان کے حلیف کو بھی حضرت علی نے قتل کیا۔ اور سباع بن عبدالعزیٰ۔ عبدالعزیٰ کا نام عمرو بن نصلہ ہے اس کو حضرت حمزہ نے قتل کیا۔ اس قبیلہ کے یہ دو شخص قتل ہوئے۔

اور بنی مخزوم بن لقیظہ میں سے ہشام بن امیہ بن مغیرہ کو قزمان نے قتل کیا۔ اور ولید بن عاص بن ہشام



بن مغیرہ کو قزمان نے قتل کیا۔ اور ابوامیہ بن ابی حذیفہ بن مغیرہ کو حضرت علی نے قتل کیا۔ اور خالد بن اعلم ان کے حلیف کو قزمان نے قتل کیا یہ چار شخص ان قبیلہ کے قتل ہوئے۔

اور بنی جمح بن عمرو میں سے عمرو بن عبداللہ بن عمیر بن وہب بن حذافہ بن جمح جس کو ابوعزہ کہتے تھے اس کو حضور نے بحالت گرفتاری قتل فرمایا۔ اور ابی بن خلف بن وہب بن حذافہ بن جمح جس کو خاص حضور نے اپنے ہاتھ سے قتل فرمایا۔ اس قبیلہ کے یہ دو شخص قتل ہوئے۔

اور بنی عامر بن لوی میں سے عبیدہ بن جابر اور شیبہ بن مالک بن مضرب ان دونوں کو قزمان نے قتل کیا۔ اور بعض کہتے ہیں عبیدہ بن جابر کو عبداللہ بن مسعود نے قتل کیا۔ یہ سب مشرکین میں سے بائیس آدمی قتل ہوئے۔

جنگ اُحد کے متعلق جو اشعار اور قصائد شعرا عرب نے کہے ہیں۔ ان میں سے چند اشعار ہم ذیل میں مندرج کرتے ہیں۔